02.11.2024

21.15 Hrs

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.....................................................................

☆ بھارت نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے خلاف کناڈا کے نائب وزیر کی جانب سے لگائے گئے الزامات پر سخت احتجاج کیا ہے۔ اس نے خبردار کیا ہے کہ اس طرح کے غیر ذمہ دارانہ اقدامات کے باہمی تعلقات پر تشویشناک نتائج ہوسکتے ہیں۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت ایک عالمگیر دوست کے طور پر اپنی پہچان بنا رہا ہے۔

☆ سیکیورٹی فورسز نے وادیٔ کشمیر میں دو الگ الگ تصادم میں لشکر کے ایک کمانڈر سمیت 3 دہشت گردوں کو ہلاک کیا ہے۔

☆ حکومت نے مدھیہ پردیش کے Bandhavgarh ٹائیگر ریزرو میں 10 ہاتھیوں کی ہلاکت کے معاملے کی انکوائری شروع کر دی ہے۔

☆ اور...... کرکٹ میں بھارت کے خلاف ممبئی میں کھیلے جا رہے تیسرے ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز میں نیوزی لینڈ نے 9 وکٹ کھوکر 171 رن بنا لئے ہیں۔

.....................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***MEA China Canada***

بھارت نے عوامی تحفظ اور قومی سلامتی کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے سامنے کناڈا کے نائب وزیر David Morrison کے ذریعے وزیر داخلہ امت شاہ کے سلسلے میں دیئے گئے حوالے کے خلاف سخت احتجاج کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے کل کناڈا ہائی کمیشن کے نمائندے کو طلب کیا اور بھارت کے احتجاج سے آگاہ کیا۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ 29 اکتوبر کو Ottawa میں اسٹینڈنگ کمیٹی کی Procedings پر تشویش کے تعلق سے ایک سفارتی نوٹ پیش کیا گیا۔

2100- Randhir Jaiswal Amit Shah

کناڈا میں دیوالی کی تقریبات کو منسوخ کیے جانے کے بارے میں ترجمان نے اِسے افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ کناڈا میں اِن دنوں جاری ماحول عدم راواداری اور انتہا پسندی کی اونچی سطح تک پہنچ گیا ہے۔

ویزے کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت اپنے ملک کے اُن طلبا اور عارضی کارکنوں کی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے، جو اِس وقت کناڈا میں ہیں۔سرحد پر فوجوں کے پیچھے ہٹنے کے معاملے پر ترجمان نے کہا کہ Demchok اور Depsang خطوں میں بھارت اور چین کے درمیان باہمی طور پر متفقہ شرائط کے تحت گشت کا آغاز ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور چین کے درمیان 21 اکتوبر کو فوجوں کے پیچھے ہٹنے کے آخری مرحلے سے متعلق اتفاق رائے ہوا تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وزراء خارجہ اور دیگر اہلکاروں کی سطح پر مذاکرات کے متعلقہ نظام کو باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے اور ان کی تعمیرنو کیلئے استعمال کیاجائے گا۔

2100- Randhir Jaiswal on Indo China

بھارتی اداروں پر امریکی پابندیوں کے بارے میں ترجمان نے بتایا کہ کلیدی نوعیت کے کاروبار اور عدم توسیع کنٹرولس کے سلسلے میں بھارت کا ایک وسیع قانونی اور انضباطی فریم ورک ہے۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ بھارت، تین اہم کثیر سطحی عدم توسیعی برآمداتی کنٹرول نظاموں کا ایک ممبر بھی ہے۔ یہ نظام ہیں: the Wassenaar Arrangment، the Australia Group اور the Missile Techonolgy control Regime۔

### *EAM Book Launch*

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت آج ایک عالمگیر دوست کے طور پر اپنی پہچان بنا رہا ہے۔ نئی دلّی میں ایک کتاب کے اجرا کی تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت، زیادہ سے زیادہ ملکوں کے ساتھ دوستی کا خواہشمند ہے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ اِس سلسلے میں ثقافتی اور تاریخی عوامل بھی کام کر رہے ہیں، جس میں یہ حقیقت بھی شامل ہے کہ ہمارے ملک کی تہذیب ہٹ دھرمی پر کارفرما کوئی تہذیب نہیں ہے۔ QUAD کے معاملے پر ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ امریکہ، جاپان اور آسٹریلیا کو QUAD سے فائدہ ہوا ہے۔

2100- Jaishanker on QUAD

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ خود مختاری اور علاقائی سالمیت جیسے حساس معاملے، پارٹنر ممالک کا جائزہ لیتے ہوئے ہمیشہ اہم معاملے ہوں گے۔

2100- S Jaishanker - Freedom

انہوں نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ ممکن ہے بعض دوست دوسرے کے مقابلے زیادہ پیچیدہ ہوں اور ممکن ہے کہ ایسے دوست ہمیشہ باہمی احترام کے یکساں کلچر اور سفارتی اخلاقیات کے ضوابط پر عمل نہ کرتے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت وقتاً فوقتاً اپنے گھریلو معاملات پر رائے زنی کا مشاہدہ کرتا رہا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے رائے ظاہر کی کہ ایک ملک کیلئے، جو بات آزادی کے مترادف ہو، وہ کسی دوسرے ملک کیلئے مداخلت کا حکم بن سکتی ہے۔ x

### *Jaishankar Australia Singapore*

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کل آسٹریلیا اور سنگاپور کے چھ روزہ دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ دورے کے

دوران ڈاکٹر شنکر برسبین جائیں گے اور آسٹریلیا میں بھارت کے چوتھے قونصلیٹ کا افتتاح کریں گے۔ وہ Canberra میں اپنے آسٹریلیائی ہم منصب Penny Wong کے ساتھ پندرھویں وزرائے خارجہ فریم ورک مذاکرات کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ وزیر خارجہ آسٹریلیا کے پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونے والے دوسرے رائے سینا ڈاؤن انڈر کے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطبہ پیش کریں گے۔اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں ڈاکٹر جے شنکر 8 نومبر کو سنگاپور جائیں گے جہاں وہ تھنک ٹینکس کے آسیان-بھارت نیٹ ورک کے آٹھویں گول میز سے خطاب کریں گے۔x

## PM India Greece Talks

وزیر اعظم نریندر مودی اور یونان کے اُن کے ہم منصب Kyriakos Mitsotakis نے دونوں ملکوں کے درمیان اہم کلیدی شراکت داری کو مستحکم کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ ٹیلیفون پر ہوئی ایک بات چیت میں دونوں لیڈروں نے علاقائی اور عالمی مفاد کے مختلف معاملات پر تبادلۂ خیال کیا، جس میں بھارت- مشرق وسطیٰ- یورپ اقتصادی راہداری اور مغربی ایشیا میں رونما ہونے والے واقعات شامل ہیں۔ دونوں لیڈروں نے حال ہی میں اعلیٰ سطح کے مذاکرات کے ذریعے باہمی تعلقات میں آئی تیز رفتاری کی تحسین کی۔ دونوں لیڈروں نے باہمی تعاون کے مختلف شعبوں میں پیش رفت کا جائزہ لیا، جس میں تجارت، دفاع، جہاز رانی اور کنیکٹیوٹی شامل ہیں۔ بات چیت کے دوران جناب Mitsotakis نے جناب مودی کو بھارت میں عام انتخابات کے بعد اُن کے دوبارہ منتخب ہونے پر اُنہیں مبارکباد پیش کی۔ x

## Thailand FM

تھائی لینڈ کے وزیر خارجہ Maris Sangiampongsa نے آج نئی دلّی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے ملاقات کی۔ جناب Maris، چار روزہ دورے پر بھارت آئے ہوئے ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ تھائی لینڈ کے وزیر خارجہ کی Royal Kathina کی تقریب کیلئے آمد دونوں ملکوں کے درمیان طویل مدتی تاریخی اور ثقافتی تعلقات کی علامت ہے۔ دونوں لیڈروں نے بھارت- تھائی لینڈ تعلقات، کثیر سطحی تعاون اور علاقائی معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب Maris جمعرات کو نئی دلّی پہنچے ہیں۔ x

## J&K Encounter

وادیِ کشمیر میں آج دو الگ الگ جھڑپوں میں سیکیورٹی فورسز کی ایک مشترکہ ٹیم نے 3 دہشت گردوں کو زیر کر دیا۔ مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کی موجودگی سے متعلق مخصوص سراغ پر کارروائی کرتے ہوئے گھیرا بندی اور تلاشی کی کارروائی کے بعد یہ کامیابی ملی۔ بعد میں یہ کارروائیاں دونوں طرف سے گولی باری کی شکل اختیار کر گئیں اور جس کے نتیجے میں تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔

آکاشوانی خبروں سے بات چیت کرتے ہوئے کشمیر پولیس کے آئی جی V K Birdi نے تصدیق کی کہ لشکر کا ایک اعلیٰ کمانڈر، جس کی شناخت عثمان عرف چھوٹا ولید کے طور پر ہوئی ہے اور جو پاکستان سے تعلق رکھتا ہے، سرینگر

کے خانیار علاقے میں ایک جھڑپ میں مارا گیا۔ یہ دہشت گرد طویل عرصے سے سرگرم تھا اور وادیٔ کشمیر میں کئی دہشت گردانہ جرائم میں ملوث تھا۔آپریشن کے دوران چار سیکیورٹی اہلکار، جن میں جموں و کشمیر پولیس کے دو اہلکار اور CRPF کے دو جوان شامل ہیں، زخمی ہوگئے اور اُنہیں اسپتال میں داخل کرا دیا گیا۔

جناب Birdi نے بتایا کہ دو مزید دہشت گردوں کو سیکیورٹی فورسز نے آج سہ پہر جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع میں Larnoo Kukernag تصادم میں ہلاک کیا۔

اِدھر شمالی کشمیر کے باندی پورہ کے Panar علاقے میں سیکیورٹی فورسز کو کچھ مشتبہ نقل و حرکت کا پتہ لگا۔ جب انہوں نے اِنہیں للکارا تو دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز پر اندھا دھن فائرنگ شروع کر دی اور گھنے جنگلات کے اندرون چھپ گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے تلاشی کی ایک بڑی کارروائی شروع کی ہے۔ x

## Govt MP Elephants Death

سرکار نے مدھیہ پردیش کے Bandhavgarh ٹائیگر ریزرو میں ہاتھیوں کی موت پر تفتیش شروع کی ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کی وزارت کے جنگلاتی جرائم کنٹرول بیورو WCCB نے 10 ہاتھیوں کی موت کی تفتیش کیلئے ایک ٹیم تشکیل دی ہے۔ یہ ٹیم اِس معاملے میں ایک آزادانہ تفتیش کر رہی ہے۔ مدھیہ پردیش سرکار نے بھی پانچ ممبران پر مشتمل ریاستی سطح کی کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ اِس کی تفتیش کی جاسکے اور رپورٹ پیش کی جاسکے۔

Bandhavgarh ٹائیگر ریزور میں گشت پر مامور اسٹاف کو Salkhania اور Khiatuli رینج میں 29 اکتوبر کو چار ہاتھیوں کی موت کا پتہ چلا تھا۔ آس پاس کے علاقوں میں چھان بین کے بعد مزید چھ ہاتھی بیمار یا بیہوش پائے گئے تھے جن کی بعد میں موت ہوگئی تھی۔

مدھیہ پردیش کے متعلقہ افسروں کے ذریعے فراہم کی گئی ابتدائی معلومات کے مطابق ہاتھیوں کی موت زہر دینے کی وجہ سے ہوئی ہے۔ موت کی اصل وجہ کا پتہ پوسٹ مارٹم رپورٹ، Histopathological، اور Toxicological تجزیوں اور دوسرے متعلقہ شواہد سمیت ایک وسیع انکوائری کے بعد ہی چل سکے گا۔ ریاستی اہلکاروں کی طرف سے احتیاطی اقدامات کئے جارہے ہیں تاکہ اس طرح کے واقعات کو روکا جاسکے اور Bandhavgarh ریزرو اور آس پاس کے علاقوں میں نگرانی کی جارہی ہے۔x

## Maharashtra Election Updates

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے پیر تک نامزدگی واپس لینے کا آخری دن ہے۔ مہاراشٹر میں دونوں ہی اہم اتحاد مہایوتی اور مہا وکاس اَگھاڑی، باغی امیدواروں سے نبردآزما ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Prarthna

Padwa تہواروں کے دوران ریاست میں کافی گہما گہمی ہے کیونکہ دونوں ہی اتحاد کے لیڈر اپنے اپنے باغی امیدواروں کو منانے کی کوشش میں لگے ہیں۔ خبروں کے مطابق مہایوتی کے تقریباً 36 اور مہاوکاس اَگھاڑی کے 26

امیدوار باغی ہوگئے ہیں۔ مہایوتی کے امیدواروں نے مورشی، آشتی، شری رامپور، ڈِنڈوری، دیولالی، انوشکتی نگر اور مَن خورد میں ایک دوسرے کے خلاف کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ دوسری طرف مہاوکاس اَگھاڑی کی ذاتی پارٹیوں نے پارَندا، پندھارپور، ڈِگراس، دھاراوی، مَن خورد، سولاپور سٹی سینٹر، سنگولا اور لوہا سیٹوں پر ایک دوسرے کے خلاف امیدوار کھڑے کئے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ ریاست میں اہم اتحادیوں کے سیٹ بٹوارے اور اِن حلقوں میں صورتحال پیر تک ہی واضح ہوپائے گی۔

ممبئی سے پرارتھنا اور انکتا آپٹے کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلئے میں اصغر علی

## Jharkhand Saraikela Profile

جھارکھنڈ آسمبلی انتخابات میں سابق وزیر اعلیٰ چمپئی سورین Saraikela کی اہم سیٹ سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس بار اس حلقے کا سیاسی منظر نامہ سابقہ انتخابات سے یکسر مختلف ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- KK Lal Jharkhand

## Jharkhand Amit Shah

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، آج شام دیر گئے رانچی پہنچیں گے۔ جناب شاہ، ریاست کے BJP لیڈروں کے ساتھ انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لیں گے۔ جھارکھنڈ آسمبلی انتخابات کے انچارج شیو راج سنگھ چوہان نے بتایا کہ جناب شاہ کل پارٹی کا سنکلپ پتر جاری کریں گے۔

2100- Shivraj Singh Chouhan

مرکزی وزیر، کل گھاٹ شِلا میں Dhalbhungarh، ہزاری باغ میں بَرکٹھا اور چَترا میں Simaria کے مقام پر تین انتخابی ریلیوں سے بھی خطاب کریں گے۔ x

## Cricket

کرکٹ میں، ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں تیسرے اور آخری ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن آج نیوزی لینڈ نے اپنی دوسری اننگز میں 9 وکٹ پر 171 رن بنائے۔ بھارت کو پہلی اننگز میں 28 رن کی سبقت کی وجہ سے نیوزی لینڈ کے پاس فی الحال 143 رن کی سبقت حاصل ہے۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے Will Young نے ہاف سنچری بنائی۔ بھارت کی طرف سے رویندر جڈیجہ نے چار جبکہ روی چندرن اشون نے تین وکٹ لئے۔اِس سے پہلے، بھارت نے اپنی پہلی اننگز میں 263 رن بنایا جس میں شبھمن گل کے 90 رن اور رشبھ پنت کے 60 رنوں کا اہم رول رہا۔ دونوں کے درمیان 114 گیندوں پر 96 رنوں کی شراکت داری ہوئی۔ واشنگٹن سُندر 36 گیندوں میں 38 رن بناکر آخر تک آؤٹ نہیں ہوئے۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے اعجاز پٹیل نے پانچ وکٹ لئے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆